بعون صانع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

پچهرهٔ کشای شاہد حقیقت اعنی نسخہ

پدماوت اردو

تصنیف دو شاعر عبرت و عشرت

مطبع نامی منشی نولکشور واقع کانپور میں بہ طبع ہوا

اطلاع۔ اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہی جسکی فہرست مطول ہر ایک سائق کو ہنگام طلب چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہی جسکے معاینہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرماسکتے ہین قیمت بھی ارزان ہی اس کتاب کے ٹیٹل پیج کے تین صفحہ جو سادے ہین اونمین بعض کتب قصہ جات نظم و نثر اردو و فارسی وغیرہ درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہی اوس کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو۔

کتب فسانۂ نظم اردو

الف لیلہ منظوم ۔ چار جلد تصنیف مختلف۔
۱۔ جلد۔ بنظم دلکش مرزا اصغر علیخان نسیم دہلوی سخنور نامی۔
۲۔ جلد۔ نتیجۂ طبع شاعر خوش فکر منشی طوطارام شایان۔
۳۔ جلد۔ " " "
۴۔ جلد۔ از منشی شادی لال شاگرد مرزا نسیم دہلوی۔

مجموعۂ قصص ۔ مشمولہ پانچ قصہ مؤلف مختلف۔
۱۔ قصۂ سوداگر بچہ۔ ۲۔ قصۂ ماہی گیر۔ ۳۔ قصۂ جمجمہ ۴۔ قصۂ منصور۔ ۵۔ قصہ شاہ روم۔ اور ہر ایک قصہ علیحدہ علیحدہ بھی ہے۔

سنگاسن بتیسی ۔ منظوم از منشی رنگین لال۔

گلزار ابراہیم ۔ ابراہیم ادہم کا سچا فسانہ مؤلفہ حسن تخلص۔

چشمۂ شیرین ۔ فرہاد و شیرین کا قصہ۔

مخبر ہمت ۔ تصنیف منشی جے گوپال ثاقب تخلص۔

ایجاد رنگین ۔ مختصر حکایات مصنفۂ سعادت یار خان رنگین دہلوی۔

مجموعۂ ۔ چوہے نامہ و بلی نامہ و افیونی نامہ۔

جوگن نامہ ۔ مصنفۂ میان باطن اکبرآبادی۔

قصۂ مقتول جفا ۔ معروف باسم تارا مؤلفہ حافظ محمد امیر الدین صاحب۔

پدماوت بھاکھا ۔ محشے باحل مولانا ملک محمد جایسی۔

مجموعۂ ۔ قصۂ قاضی جونپور۔ و قصۂ بندر۔ و قصۂ حفاظت شیطان و قصہ چار لڑکون کا۔ دل لگی کا قصہ عقل و حمق کا مقابلہ مؤلفہ مولوی الطاف احمد۔

مثنوی گلزار ابراہیم ۔ قصہ گل بکاؤلی منظوم از دیاشنکر نسیم لکھنوی۔

فسانۂ عجائب منظوم ۔ مؤلفۂ منشی بھولا ناتھ فراغ تخلص۔

نلدمن ۔ راجہ نل اور دمن کا فسانہ منظوم۔

ہدیۂ انصار ۔ از مولوی ممتاز علی سندیلوی۔

مثنوی میر حسن ۔

یوسف زلیخا ۔ اردو منظوم تصنیف نگار۔

شیرین خسرو ۔ باتصویر مصنفۂ منشی گوبند پرشاد تخلص فضا۔

بنجارہ نامہ ۔ مصنفۂ میان نظیر اکبرآبادی۔

لیلی مجنون ۔ تصنیف میر تقی ہوس۔

بہار دانش ۔ منظوم تصنیف طپش۔

مجموعۂ قصۂ سپاہی زادہ ۔ باتصویر بارہ قصے
۱۔ قصۂ سپاہی زادہ۔ ۲۔ قصہ چار باغ رنگین۔ ۳۔ قصہ محمود شاہ۔ ۴۔ قصہ سوداگر بچہ۔ ۵۔ عاشق کا جنازہ۔ ۶۔ قاصد نامہ۔ ۷۔ ہنس نامہ۔ ۸۔ تندرستی نامہ۔ ۹۔ دکھ سکھ نامہ۔ ۱۰۔ دولت نامہ۔ ۱۱۔ بھوچال نامہ۔ ۱۲۔ رنگین نامہ

شاہنامۂ اردو ۔ منظوم تصنیف منشی مولچند۔

طلسم شایان ۔ یعنے داستان امیر حمزہ منظوم مصنفۂ منشی طوطارام شایان۔

قصۂ شاہ روم ۔

نالۂ منظور منظوم ۔ مؤلفہ سید منظور احمد۔

مثنوی ابر کرم ۔

بعون صانع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

چہرہ کشای شاہد حقیقت یعنی نسخہ

پدماوت اردو

تصنیف دو شاعر عبرت و عشرت

مطبع نامی منشی نولکشور واقع کانپور مزین بہ طبع ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ کتاب حمد و سپاس بیقیاس کا بنام خالق دانا نظم دیوان ایجاد و تکوین کے سزاوار ہی کہ قلم صنائع نگار بدایع طراز قدرت کاملہ بالغہ صنعت جسکی سے بند مسدس شش جہت عالم کا اوپر صفحہ ظہور کے کس رنگینی سے نمود اہے سبحان اللہ ہر فرد انسان کے تئین ارکان اربع عناصر مرکب کرکے مطلع الانوار اپنا کیا اور خلعت اشرف المخلوقات کا اوپر قامت ایک مشت خاک کے مقطع مخزن اسرار حقیقت کا بنایا اور درود نامحدود اوپر امام مقدس و مطہر منور بادشاہ کونین مکان خلیفۃ الرحمان سید سرور عالم یعنی احمد مجتبی محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ براعت استہلال نسخہ لولاک لما خلقت الافلاک کی واسطے ذات پاک و الاصفات واجب التعظیم والتکریم اونکی کے ہے اور تحفہ سلام اور صلوۃ کا اوپر آل اطہار و اصحاب کبار کے کہ دوستی اور محبت اونکی معنی حدیث کشفنہ نوح و اصحابی کالنجوم کے مانند خورشید جہانتاب کے افق دل کا مجبون سے ساطع و لامع ہے ہو جیو **بعد اسکے** سبب تالیف اور موجب تصنیف نسخہ بیاض کا اوپر فصیحان محفل سخندانی و بلیغان شیرین بزم معانی کے مخفی نرہے کہ شیفتہ میدان علم سخن سنجی اور سرگردان سرا سیمہ سخن کا خاکسار بیمقدار سید **غلام علی** مشہدی متخلص **بعشرت** ساکن بریلی بعید خواہ دلستان لطف مرزا علی صاحب سلمہ اللہ تعالی کہ ذات با برکات اونکی ذوقیات شعر و شاعری کے کلام کرامت نظام مرزا رفیع السودا مرحوم مغفور سے ہی بلکہ شاگرد رشید اونکی ہین چند روز سے سن بارہ سو گیارہ ہین درمیان شہر رامپور کے کہ نام خاص وس شہر بلند اور بلدۂ ارجمند کا مصطفے آباد ہی بحمیت الفت بعضے یاران نکتہ پرداز اور محرم راز کے نارد تھا بلکہ بیچ سرکار فیض آثار گوہر درج فتوت اختر برج مروت شوکت و شہامت پناہ حشمت و جلالت دستگاہ خانصاحب مشفق فیض رسان مظہر کرم و الاحسان محمد عثمان خان و احمد خان صاحب سلمہما الرحمن کہ خاندان عالیشان نواب معلی القاب فیض اللہ خان مرحوم مغفور کے سوائے رشتہ خواہر زادگی کی نسبت فرزندی کی بہی رکہتے ہین سر رشتہ روزگار کہ ہر دنیا دار کے تئین جستجو اوسکی ضرور ہے اور ایک شندہ اس بازار کا لیل و نہار بفکر روزگار رنگا بو مین مصروف رہے رکہتا تہا اور اونکی بہی جیسے کہ سرداران عالیشان کو چاہیے شعر فہمی و معنی رسی جود و سخاوہ حلم و حیا اور قدر دانی صاحب فن اہل شعر و عزلت نشین کی تہی چنانچہ بمقتضائے اشفاق بسیار و اخلاق بیشمار اپنے کہ خلق و کرم مین شہرۂ آفاق ہین میرے تئین بہی بیچ انیسان محفل مودت اور جلیسان بزم رفاقت کی جای استقامت کی دی ہے اور اونکی بندگی مین تہا اور واسطے خط بلیغ اونکی کے غزلیات تازہ کہتا اور علاوہ سب دوستان ہم بزم موافقت اور محبان جلیس محفل مودت کے رابطہ الفت کا بیچ خدمت فیضدرجت مولفصاحب مشفق

فیض رسان مظہر کرم و احسان مولوی قدرت اللہ صاحب کے زیادہ رکہتا تہا اور اکثر بیچ خدمت شریف اوس مطلع تجلیات ایزد
بیہمال اور مسند نشین فضل و کمال دینی و دنیوی کے کہ انکو بہی ذوق شعر و شاعری سے کمال ہے بلکہ تخلص بہی اپنا شوق فرماتے ہین حاضر
ہوتا اور خاص بعد نماز جمعہ متبرکہ کے اونکے مکان جنت نشان پر مشاعرہ مین داخل ہوکر گلہای غزلیات تازہ و شعرہای بلند آوازہ شعرای شہر کے
دامن گوش ہیچمدان اپنے کو بہرا اور خزف پارہ ہای فکر ناقص اپنے کو بہی مقابل جواہر زواہر جوہریان بازار سخندانی کے کرتا چنانچہ ایک مجلس مشاعرہ
مین کہ شعرای کہین نہین بصد آئین رنگین مشغول غزلخوانی کے تہے اور سامعین سخنور کبیر سراپا گوش مصروف دریافت مضامین معانی کے ہر ایک جوہری سخن
درج دہن اپنے سے گوہر آبدار و لولوی شاہوار مضامین منسلک سلک اپنی کو ظاہر کرتا اور اوسے گوش معانی نیوش اہل سماعت کے تئین بزر صنایع بدایع
لفظی و معنوی کے تہا القصہ اوس شب بعد غزلخوانی کے مولوی صاحب فیض رسان علیہ الرحمۃ نے بکمال اشفاق مشفقانہ و بسیار اخلاق استادانہ بطرف اس عاجز کے
کہ شاگردی اونکی تلمیذان کرامت بیان کی فخر اپنا جانتا ہے متوجہ ہوکر فرمانے لگے کہ ایک فرمایش ہماری ہے اگر تم خوشی خاطر ہماری کو تکلیف
اپنے پر مقدم رکہکر اقبال اوسکا کرو تو عین سلوک و احسان ہے مینے عرض کیا کہ ہرچند یہ ہیچمدان اس لایق تو نہین کہ کچہہ کام آپکا اوس پر موقوف ہے
لیکن فرمایئے کہ فدوی فرمایش عالی موجب سعادت دارین جانکر بجان و دل مصروف ہوگا پہر مولوی صاحب موصوف نے طوطی زبان شکر فشان کو بیچ
گلستان بیان کے یون مترنم کیا اور شاہد مافی الضمیر محبت پذیر اپنے کو حجلہ سینہ مہر گنجینہ سے نکالکر باصد زیور تقریر فصاحت آمیز و با ہزاران
لباس تحریر بلاغت انگیز اوپر تخت مرصع کلام عشق التیام کے اس طور پر جلوہ نمایش کا دیا ایک عزیز با تمیز جوان رعنا یوسف مصر فصاحت و
بلاغت ماہ کنعان رزانت و متانت با زیور علوم دینی آراستہ و با لباس قابلیت فنون دنیوی پیراستہ نخلبند گلستان معانی رنگین چمن آرای
شکرستان لفظ و معنی شیرین اختر برج سیادت گوہر درج سعادت میر ضیاء الدین نام تخلص بعبرت متوطن شاہجہان آباد خوشباش قصبہ امروہہ ہمارے
آشنا تھے از بسکہ علم تازہ اور طبع بلند آوازہ زود رس معانی فہم رکہتے تہے گاہ گاہ مشق شعر کی بہی فرماتے تہے اور علم طبابت مین بہی
گوی سبقت از روی تشخیص معالجہ برجستہ کے میدان شناسی اطبای زمانہ سے لیگئے تہے اور مریضان مایوس زندگی کو نسخہ صحت شفا اپنے سے
بخوبی تمام حالت اصلی پر لاتے چنانچہ وہ در یکتای بحر سیادت و آشنای دریای نجابت بیچ سلک رفقای نجو خان مرحوم کے ہمسلک ہوکر
ہر خلوت و جلوت مین انیس و جلیس رہتے بسکہ اوس خان والا شان کو بہی شوق شعر خوانی و معنی رسی اور زبان دانی کا زیادہ تہا پس اکثر بپاس
خاطر عاطر اوسکے اشعار فارسی و ہندی کے کہتے علی ہذا القیاس بفرمایش اوس خلاصہ دودمان حشمت و اجلال و مسند نشین چار بالش فضل و کمال کے
اونہون نے قصہ راجہ رتن سین اور پدماوت کا کہ زبان پوربی مین تصنیف مولانا ملک محمد جایسی علیہ الرحمۃ کا ہے زبان ریختہ
مین تصنیف کرنا شروع کیا اور بمقدور اپنے کوئی دقیقہ شعر و شاعری کا فوت اور فرو گذاشت نکیا القصہ چہارم حصہ اوس تصنیف عجیب کا
بنکات عجیب و لطیف و مضامین رنگین دلفریب بقلم معنی رقم اپنے سے یہانتک تحریر و مسطر کیا کہ راجہ رتن سین ہانک تیور کا شور انگیزی
عشق پدم اور شرر ریزی آتش محبت اوس صنم کی سے بموجب اس شعر کے + نہ تنہا عشق از دیدار خیزد + بسا کین دولت از گفتار
خیزد + درآید جلوہ حسن در گوش + ز جان آرام برباید ز دل ہوش + جوگی ہوا اور صبح عیش شام غربت سے مبدل کرکے شہر اپنے سے ساتہ
سولہ ہزار رفیق ہم پیالہ ہم نوالہ بعد قطع منازل بسیار و طے مراحل بیشمار بوساطت اوسی طوطی شیرین مقال کے کہ موجب اس
خانہ پریشانی اور باعث حیرانی و سرگردانی کی تہی مدت بعید عرصہ مدید مین بحال افتان و خیزان نواح شہر سنگلدیپ مین داخل ہوکر
ایک پرستشگاہ مین کہ قریب باغ پدم کے تہی ڈیرا کیا اور طوطی نے خبر راجہ رتن کی کہ جس جس رنج سے مع لشکر سولہ ہزار جوگی کے آیا تہا پدم کو

پہونچانی اور گل گلستان بیابانی کو طرف اوس بلبل شیدا یعنی وطن بطور معشوقونکی کہ عاشق کو اپنے جمال سے خوش کرتے ہین رغبت جانے کی دلوائی پس یہ حکایت نہایت کو پہونچی کہ میر ضیاء الدین عبرت کو مرض الموت ہوا اور ساتھ حسرت و غم ناتمامی اس داستان ندرت بیان کے دار الفنا سے دار البقا کی قدم رنجہ فرمایا اب عرصہ سات آٹھ برس کا گذرا کہ کوئی موزون طبع کچھ کچھ اپنے جی مین سمجھکر واسطے تمام کرنے اس کلام در دالیتام دست انداز ہوا اور وہ حسب فرمایش زبدۂ خوانین روزگار یعنی نخوخان سپہ سالار بہی بیچ کارزار فرنگیان آتش بار کے لیاقت غلام محمد خان پسر نواب فیض اللہ خان مرحوم مغفور مین کہ یہ جنگ سب پر اظہر من الشمس ہے بنام آوری تمام کام آیا مہربان من اب مدعا اور آرزو ہم مشتاقون کی یہ ہی کہ بسبب فکر تمہاری کے یہ قصہ عجیب و غریب باقیماندہ بیچ سلک نظم آوے تا آب انتظام کی پاوے اور ہر ایک مشتاق سیر اس گلستان مضامین و معانی سے حظ وافر اوٹھاوے نام تمہارا اور میر ضیاء الدین عبرت کا اوپر صفحۂ روزگار کے یادگار خرد و کلان کا رہے اور روح پر فتوح اوس غریق بحر معرفت یعنی میر ضیاء الدین عبرت کی بہی یہ پیوند ہونے اس شاخ کلام کے کہ ایک مدت سے بے سر انجام ہے ثمرۂ نہال خرمی کا پاوے اور واسطے سر سبزی و شادابی شاخسار چمن تمہارے کے بیچ جناب تخلبند گلستان جہان کے ہاتھ دعا کا اوٹھاوے الغرض غیب سے مولوی صاحب نے اور بہی کرم فرمایا میرے چنانچہ مشفق اشفق حافظ رحمن صاحب متخلص شیفتہ کہ سرآمد شعرای ہندی و فارسی کے ہین اور خلف الرشید اونکے یعنی رقم حافظ شیخ الاسلام ادہم و آشنای بحر شریعت و طریقت مولوی غلام جیلانی رفعت و ہمت خان ہمت و مرزا کرامت علی اکرم و عنبر شاہ رقم و معنی شگفتہ آشفتہ و پایندہ راز خفی و علی شجاعت علی نسیم و کبیر خان تسلیم و سید رفیع الدرجات عالی مرتبت نور چشم ضیاء الدین عبرت اور کئی آشنا مجوز اسکے ہوے کہ نظم کرنا قصۂ باقیماندہ کا عین صلاح ہے اور انتظام اسکا تمہین سے خوب ہوگا خوشی خاطر یارونکو اور سب کا روبار کے مقدم رکہیے اور اوس داستان ناتمام کو پورا جلد کیجیے ای یاران محرم راز وای مشفقان بندہ نواز سینے پاس خاطر عاطر مولوی قدرت اللہ صاحب شوق وغیرہ سے باقیماندہ یہ قصہ عجیب و غریب کا وش بسیار و فکر بیشمار عرصہ ایک و نیم ماہ مین ساتھ اس جلدی کے کہ انصرام پانا اس کلام کا محال تہا تمام کیا اور منظور خاص و عام و جمہور انام کا ہوا اور مادۂ تاریخ اتمام یعنی خاتمہ کلام کا سوای الفاظ تصنیف و شاعر کے بہتر نپایا بلکہ یہ تاریخ ایسی مناسب اور انسب ہوئی کہ شعرای شہر وغیرہ صغیر و کبیر کو رشک آیا اور سب نے متفق ہوکے فرمایا کہ یہ مادہ تاریخ کا الہام غیبی ہے نظم یہ کہکر مثنوی منی جو کی غور

کوئی تاریخ اسکی کہیے خوش طور	کہا دل نے اسے دیکھیے جو شاعر	بالاشک جانے تصنیف دو شاعر	سن مادہ سو گیا ہے ختم و کامل

برآئے اب تمہاری خدمت عالی مین یہ التماس ہے اگر بموجب اسکے کہ انسان مرکب خطا و نسیان ہے کہیں سہو یا خطا اس کلام در دالیتام مین ہووے قلم عفو رقم لینے سے اصلاح دا جبی فرماؤ اور اگر ہمت بلند و طبع ارجمند تمہاری بمقتضای نازک مزاجی کے متقاضی اصلاح بخشی نہو اور خطا اس خرد کے خردہ گیر نہوکر از راہ بزرگ ہمتی اپنی کے دامن عفو سے چہپاؤ بیت بقدر وسع در اصلاح کوشند + اگر اصلاح نتوانند بپوشند +

بیان وحدت وجود اور حمد نامحدود رب المعبود کا

ہر اک صورت میں گر وہ نیا جلوہ دکہاتا
بتاؤن عشق کی کیا اب مین نیرنگ
کہے در کسوت لیلیٰ فرو شد
کیا بیرنگی سے جب رنگ پیدا
ہر اک عالم کو گوناگون بنایا

جو دیکہا مین آئے نیرنگ کے رنگ
کہے بر صورت مجنون برآمد
ہوا نور محمد تب ہویدا
وہ بیچون چگون چون مین آیا

ز دریا موج گوناگون برآمد
ازین دریا بدین امواج سر دم
ہوئی جب شکل احمد آشکارا
ہزارون شان مین ہو کر وہ گذرا

اگر یوسف کہے لیلیٰ کہے عذرا کہاتا
ز بیچونی مرنگ چون برآمد
ہزاران گونہ صد مکنون برآمد
ہوا آپہی خود اپنے پہ پیارا
کبہی وامق بنا وہ گاہ عذرا

کبھی بن شکل بلبل کی ہو نالان — کبھی گل کو دیا چاک گریبان
کہین شمع شبستان وہ کہایا — کہین پروانہ ہو دلکو جلایا
کوئی معشوق کوئی عاشق بنایا — کوئی مطلوب کوئی طالب کہایا
کوئی شبنم صفت ہی اشک فشان — کوئی ہر صبح مثل گل ہے خندان
کوئی ہی کشتہ غمہاے ہجران — سراپا داغ جون سرو چراغان
کسیکے بیتن سکہایا غمزہ و ناز — کسی دل پر در غم کردیا باز
کوئی ہی وصل سی جانان کی مسرور — کوئی درد جدائی سے ہے رنجور
کوئی چندر بدن کیطرح رنجور — کوئی مہیارہ سان جیتا ہی درگور
زلیخا کیطرح کوئی ہے نالان — کوئی یوسف نمط قید زندان
کوئی مے سے جوانی کی ہی سرشار — کوئی ہے نشئہ الفت سے غم خوار
کسیکو مثل یوسف دی ہی شاہی — کسیکو جون زلیخا ہے تباہی
کہین مثل پدم کملایا ہو گی — رتن سنگہ ہوا گاہے وہ جوگی
نہین اس عشق سی کچھ بہتر اوکام — نہین مطلوب و طالب سے کچھ کام
نہ کعبہ سے غرض نہ طالب دیر — ہی مقصد اوسکو اپنے جلوہ کی سیر
سبھی مین ہی یہی سب ہے جلوہ — کہاتا ہے صدا گنج خدا وہ
نہ غم وعدہ کی کوئی ہین یہ خوش — کہ کوئی ہوش نہین ہی کوئی مدہوش
کہین فرحت کہین دلتنگیان ہین — اوسکی ساری یہ نیرنگیان ہین
وہی ہی سب مین جتنا ہی جز و کل — اوسکے عشق کا ہی ہر طرف غل
ہے ہر شکلو نمین اوسکا ہی یہ مظہر — عیان سب رنگ سے ہی وہ باہر
ہی جسکے باطن و ادراک سے ہی دور — ہی سب انکو نہین پیدا نہ ہی مظہر
وہ گاہی یار درگاہی ہی اغیار — وہی سمجھے جو ہو داناے اسرار
وہ کسکی شان مین ہو کر ہویدا — وہ آپ ہی اپنے اوپر ہو ہی شیدا
اوسی اک ذات کی ہین سیکڑون شان — ہی جنکا مظہر کامل یہ انسان
ہر اک جا مین ہی کو اوسکی صدا آن — ولے ہر آن مین ہی وہ گمان
مگر اے طایر شوق آگے پرواز — نہین ہو خوب کچھہ افشاے یہ راز
یہ سب ظاہر ہین اوسکا عشق کی رنگ — پران جاگہ مین عقل و ہوش مین گم
ظہور عشق ہی سب جاے حسرت — ہی دال اسبات پر اے اہل عبرت
وہ بحر عشق کے طوفان ہین جسکو تباہی — حباب آسا اوسی دم مارنا مشکل ہو جاتا ہی
کشش سی دلکی یان جو آہ نکلے — بشکل مد بسم اللہ نکلے
کرے ہے آہ جسدم جان آگاہ — سغا نکلے ہے اوسکے منہ سے ابکہ
رگ بسمل تلک تو دیکھہ جاکر — نکلتی ہے صدا اللہ اکبر
جہان نہین جو کوئی ہی ہوش تن کا — شکست شیشہ کی سمجھے ہی آواز
وہی ہر فرد مین ہیگا نمایان — برنگ ذرہ مہر درخشان
وہی دیر و حرم مین جلوہ گر ہی — کہ ہر اک سنگ مین جسکے شرر ہی
ہے اک شعلہ سے اے شیخ و برہمن — چراغ خانہ و بتخانہ روشن
وہی اول ہی اور آخر وہی ہے — وہی باطن ہی اور ظاہر وہی ہے
بقول راسخ آن شعلہ پرداز — نکلتی ہی کباب دل سے آواز
نمیدانم کہ دل بادوست کو بست — صداے قلقل از می یا ز میناست
ہر اک سالک ہی اوسکی دھن مین محو — برنگ آئینہ حیرت ہم آغوش
ہین اوسکے عشق مین فرض سما ہم — ہو یہ حیرت ہے اوسکے دست و پا کم
جنون اوسکا ہی ہر اک کا گلوگیر — رگ گردن ہی دانا شکل زنجیر
اوسی نے گل کے چہرے کو بنایا — تماشے کے لیے بلبل بنایا
بظاہر چشم احول کے وہ ہین دو — مبصر کو تو فرق اوسمین نہین ہے
کہ اک عالم ہی وحدت دیکھتا ہی — تو اک عالم ہے کثرت دیکھتا ہے
اوسی کسطرح دیکھے چشم حیران — ہے مثل جوہر آئینہ پنہان
نظر مین راہ بستان کر دل تپان کا — ہی سنگ سرخ اوسکے آستان کا
دل عاشق جو ہی وہ ذات جلتا — یہ ہی روشن چراغ اوسکی ہی گہر کا
نہ کوئی فارق نہ کوئی مفرق ہی — وہی عاشق وہی معشوق ہیگا
خیال اوسکا طرف کثرت کی آیا — لبان درد ہر دل مین سمایا
ہی وحدت پر دلیل اوسکی یہ کثرت — ہر اک سبزہ ہی انگشت شہادت
ہے اوسکی ہمیشا لی یہی دال — کہین ہی مثل اوسکے جلوہ افعال
تو ہم سی تیری عبرت ہی وہ پاک — پیمبر نے کہا ہے ما عرفناک
الا اے شعلہ عشق ستمگار — جلادی شمع سان اس دل کا ناکا
مسلمان ہو کے دلسے پہر جا جات — پڑہون سوز جگر سے اک مناجات

جو کوئی طالب نعت ہو نت خورشید کے
الٰہی شہر دل کو کر کہ تو آباد
لگا دی صحن دل مین باغ دلکش
نہایت سخت دل ہون مین الٰہا
طپش سے عشق کی کر دل مرا نرم
نہو محتاج چاک اوسکا رفو کا
مرا دل عشق کی تپ سے جلادے
وہ دل دے جو کہ پردیسی ہو بیزار
وہ دل دے جو کہ ہر صورت سے گھبرائے
وہ دل جو رہنماے کاروان ہو
وہ دل جسمین ہو اک غوغاے محشر
کرم اور لطف سے اے صاحب داد
کرتا یہ سب خیال چشم و ابرو
الا لاسے رنگ زیر عارض گل
ہووے جون بیضہ خورشید زیب گنبد گردون
محمد کا زبان پر نام آیا
یہ جو کچھ سامنے ارض و سماہے
ہوا قبل ولادت کل مین غوغا
سرلات ومنات آپہین ٹوٹے
شعاعی خط سے خورشید آسمان کا
ہے عصیان سے یہ امت گو سیہ
یقین ہیو شیا پیمبر بازگہ مین
تحیر سے ہراک ہے شبہہ کرتا
لطیف و پاک وہ جان جہان تہا
صفت اوسکی کہے مقدور کسکا
تو کہنا اوسپہ صلے اللہ وسلم
کرلے مقبول درگاہ اسے

مناجات بیچ درگاہ مجیب الدعوات کے

ہراک مین ہو اسکی شور فریاد
کہ جون گلریز ہو ہر گل مین آتش
نکال اب سنگ سی میرے تو مینا
رکہہ اشک خون فشان سے چہرہ کو گرم
برنگ گل نکلتا ہو لہو کا
برنگ لعل انگارا بنادے
اثار آسا ہو فوارہ شرربار
ذرا گرمی مین جیون فورا ور جاے
جرس کی طرح لبریز فغان ہو
بلا انگیز جون صحراے محشر
مجھے قید تعین سے کر آزاد
ہو جاوین لا برنگ شاخ آہو
اثر بخش دل پر شور بلبل

دل سوزندہ دے داغونسے نورانی
نسیم اوس باغ کی ہو آہ سوزان
نگہ کی تیغ کا ہاتھہ اک لگادے
پہنا دلکو لباس اضطرابے
عطا کر اشک دل کو بیقراری
وہ دل دے جو کہ اک ہو فغان کا
وہ دل دے جو کہ ہو غارتگر ہوش
وہ دل جو تاب طاقت سے ہو آزاد
وہ دل جسمین ہو علم شور تحصیل
کہون کیا یہ مجھے تو پاک وہ دے
تہی جیون نے تو کر دل سے میرا
جو ہو وے بند یا زلف گرہ گیر
محبت اپنی تو مجکو عطا کر

نعت سرور کائنات علیہ التسلیمات کی

قلم نے سر کو سجدے مین جھکایا
سب اوسکی ذات سی پیدا ہوا ہے
برنگ مہر قرب صبح اوسکا
زمین پر گر پڑے جون قفل چھوٹے
ہوا جاروب کش اوس آستان کا
نہین کچھ خوف شافع ہی زبردست
نہ تہی جا بیچ کی شے اوسکی تہہ مین
کہ کیونکر گنبد بے در سے گذرا
برنگ شیشہ شفاف آسمان تہا
خدا مداح عزت ہووے جسکا
سب اوسکی آل و اصحاب و تیمم
ہے تیرے نام سب عالم کی شاہی

محمد کا جو شیرین نام لکہا
نمک اوسکا نہوتا آب و گل مین
جہاں سے کفر کی ظلمت ہوئی دور
محمد سرور دنیا و دین ہے
شفاعت کو جو لب اپنے وہ کہولے
کہون معراج کی کیا راز کی بات
نہ تہا مذہب حکماے ناپاک
نہ تہا اوس مہر کا سایہ زمین پر
اوسی تن سے ہوا وہ عرش پیما
کہان اوسکی صفت ہووے کسی سے
یہ حال زار تو اپنا دکہا کر
لسان ذات پاک حق تعالے

خباب کبریا مین عجز سے سر کو جھکاتا ہے
برنگ جلوہ پرہاے طاؤس
بجاے سرو ہو سرو چراغان
شہید آسا اوسی خونمین دبادے
ولیکن ہووے رنگ اوسکا شہابی
برنگ برق باران بہاری
ہوائی سا کرے سیر آسمان کا
خم صہبا کی صورت سر بسر جوش
ستم پروردہ چشم بلا زاد
قیامت ساز جون صور سرافیل
مری صاحب ضمائری ہو سودے
بہرا ہو ایک اوسمین شور تیرا
نکل جاوین مین جون آنزے زنجیر
مرا حامی محمد مصطفے کر
نبی کی کفش پا کی خاک سے جس کو ناتا ہے
مٹھائی سے قلم کا ہو منہہ چپکا
تو کب اسپایہ ہوتا شور دل مین
زمین و آسمان پر چھا گیا نور
محمد رحمۃ للعالمین ہے
تو رحمت دوڑ کر حاضر ہو بولے
ہے جون شق القمر اعجاز کی بات
نہین ہے التیام و خرق افلاک
سراپا نور تہا جسم مطہر
نظر جسطرح عینک سی نکلجاے
جو کوئی ہووے معشوق اسے
خباب اوسکی مین عرض عاکر
ترا ثانی نہی عالم مین بنایا

کیا حق نے تجھے ختم رسالت
سند پر ہے تری مہر نبوت
تجھے تابع ہین سب پیغمبر پاک
ترے سر پر ہے زیبا چتر لولاک
کہ یثرب کی ہوا سے ہو کے دمساز
کرون بے بال و پر جون شعلہ پرواز
توجہ سے بنا اسباب میرا
کہ دیکھون آستان پاک تیرا
اوسی قدمون تلے با چشم نمناک
لبان آب ہو جاؤن تہ خاک
الا اے واقف اسرار معنی
عطا کر عشق کی دلکو تجلی
کرون تعریف مین پیر طریقت کی کم و عبرت

تو آیا اور دین سبکے گئے دور
خط ہمیر کب ہوتا ہے منظور
مدینے کو مرا دل نت ہی چلتا
برنگ مہر ہے مغرب کو ڈھلتا
رسائی مین لیکن منفعل ہون
تعلق سے مین بنا پا بگل ہون
کرون آنکھونکا سرمہ گرد انکی
کرون فرگان سے جاروب مکانکی
قیامت کی کہون آگے ہے کیا بات
اونھونکا عاقبت نعلین کے سات
جو شوق ذوق ہو تحصیل حاصل
کرون مدح و ثنا ہے یہ کمال
جہا مین فیض جسکی ہے ہر ایک پایا ہے

تعریف پیر طریقت مآب حقیقت انتساب کی

سر و سر خیل مقبولان درگاہ
ہوا اپنے عصر کا سید حسن شاہ
شریعت کی طریقت پر روان ہے
حقیقت کا دم اوسکا زد زبان ہے
جو کوئی دل سے اوسکی سامنے آوے
وہین وہ مشت خاک اکسیر ہو جاوے
ہجوم اوس آستان پر مردمکا
نہو کیونکر کہ ہے وہ خرد مکانی
وہان ہر مردہ دل ہی زندہ ہوتا
عیان اوس دم سے ہی شان مسیحا
یہ سب ارض و سما ہی فرش اوسکا
لکھون اب وصف اوستاد معلی ذات اپنی کا

جہانیر نام وہ مذکور ہووے
زبان جون برگ نخل طور ہووے
کمال اوس ذات سی یوہی اوبلتا
کہ جیسے جوش مارے خم مین صہبا
بدل جاوے خوا مین زہر ناپاک
نظر اوسکی کرے افیونکو تریاک
سیادت نام سے اوسکے مبین
جلالت شان سے اوسکی مزین
غرض کہ آیت حق الیقین ہے
ہمیر کیطرف سے یان امین ہے
کہ پایا اوسکا پایہ عرش ہیگا
نہوتا گر محبت خان سا اوستا

بیان اوصاف حمیدہ اوستاد معنی ایجاد مجمع فضیلت و ارشاد کا

کہون کیسا وہ نواب زمان ہے
کہ شعر و شاعری فن مین جو یکتا تہا
قلم آسا سراسر نکتہ دان ہے
سخن کے سقم کا ہے وہ فلاطون
کہ اوسکے ہاتھ مین ہے نبض مضمون
دل اوستادونکے ہون ہرچند عالی
ہے اوسکے آگے جون مینا ہے خالی
ہر اک مضمون رنگین بیش و کم ہی
وہ لکھتا ہی رگ گل کے قلم سے
کرے ہے شانہ سان باندھنے والے
سدا زلف سخن کی موشگافی
وہ بہر کر لفظ مین مضمون رنگین
کرے ہے منتظم جون عقد پروین
یہانتک قطعہ کو دیتا ہی تزئین
کہ ہو جاتا ہے رشک قطعہ چین
دکھائی دے ہی جو دنیا مین صہبا
عیان الفاظ سے مضمون ہے اوسکا
خدا اوسکو رکھے دلشاد دائم
مجھے لازم ہی صفت حضرت ران لکھون اسدم

مضامین کس طرح کرتا ہے ایجاد
ہے فن شعر اوسکا اوسنے جو ہر
اصول و منطق اوسکی ہین زبان پر
فلاطون کو دمین خم مین چھپایا
فلک نے اوسکو یان آتے جو دیکھا
وہ اوسکے تار سطر مین چھپا ہے
برنگ نغمہ جو مضمون رسا ہے
کہ معنی آپ ہو وین آفرین گو
کرے اصلاح یا تنک وہ سخن کو
خجل ہے مطلع خورشید انور
غزل سے اوسکی مطلع کو نظر کر
بٹھاتا ہے برنگ چار عنصر
رباعی کے مصارع سب برابر
ہے گویا نثر طائر آسمان کی
سراپا نثر اوس عالی بیان کی
سخاوت اور شجاعت اور مروت
دل وہا زود و قیم اوسکی ہین عبرت
بحق پنجتن پاک مطہر

مشک بیزی خامہ رتبہ بیان کی بیچ مدح نواب فیض اللہ خان کے

کہان ایسا جوان ہوتا ہی پیدا
کہ جسکی ذات سے آج ایک عالم فیضیاب ہے
نہین کوئی عمل بین اوسکی نظر
کہ نوکر ہینگے جسکے زہد و تقوے
بغیر از غمزہ چشم ستمناک
تواضع عہد مین اوسکے ہے ہر جا
قدح پر ستہ جھکاتا ہیگا مینا

لکھون اب مدح فیاض زمان کی
خدیو عصر فیض اللہ خان کی
تدبیر و تخلق و قدر دانی
زمانے کا ہے عالمگیر ثانی
نہین تھے عہد مین اوسکے کوئی نا
دل عاشق سوا از شان لالا
نسق سے اوسکے کیا مقدور ہیگا
جو ماہی سے گلاوی جوش دریا

جو ہووے بازِ خونِ بط کے دینے	بط اوسکا ہوتین دریاے خونِ بطی	ہومن لے باز سے روح ہوا پر	لگا دے تیر مین سرخاب کا پر
طبیب اوسکے عمل ہین ہین جو ہنر	بعند کرتے ہین بیمار کی دارو	جسے بیماری دا داور سے بد ہو	کرے روباہ ترک نفع اوسکو
ہر بند و بست سے اوسکے نمایان	کہ دان ہوتا ہی کمتر ہیو دہقان	کیا ہے متفق ہر ایک شے کو	لگا سے چلتے ہین ہونے ردی کو
کسی کا بھی عمل دیکھا ہے ایسا	کہ نت بیتے دیا چلتا ہے پیسا	مین اوسکی خوبیان کیا کیا بتاؤن	غزل اک فارسی کی پڑہ سناؤن

غزل فارسی

جو در ہیجا بکف خنجر گرفته	عدو دستِ امان بر سر گرفته	چسان خیزد صدا از زخمی او	که آب تیغ حلقش در گرفته
ہمای شوکت او آسمان را	بسانِ بیضه زیر پر گرفته	گدا از فیض او در کاسهٔ خود	صدف آسا همه گوهر گرفته
توان گفتن چو گردون سایهٔ او	که بر فرق که و سر بر گرفته	برنگ آئینه طبع صفایش	نهان در پرده جوهر گرفته
بیانِ آفتاب عالم افروز			دلش عبرت بکف ساغر گرفته

بیان سخاوت و شجاعت نواب ممدوح کا

سخاوت اور شجاعت کا بیان اوسکی کہون کیا مین	کہ حاتم وقت اور رستم زمانیکا کہاتا	زہے نوبا وہ باغ نوجوانی	بہ چمن آرائے سرو زندگانی
نہایت دور ہے دانا و ہشیار	سراپا نکتہ دان جون چشم دلدار	برنگ قد پریان طناز	بہر جا راستی مین ہے وہ ممتاز
عیان تمکین ہے اوسکے ہوش سے کار	کہ حرف آسا ہے وہ خاموش گویا	چھپا ہے اوسکے دلمین جوش معنے	وہ مثل نقطہ ہے سر جوش معنے
کمال اوس فراست سے ہی یون مبین	تہ فانوس جیسے شمع روشن	رہے کیونکر نہ اوسکا ہاتہ خالی	کہ ہے رسم اوسکی بخشش کی نرالی
صدف مانگو تو موتی جہل بخشے	جو بکری مانگے اوسکو فیل بخشے	نہووے خرچ تو بہی خانسامان	نہین ممکن کہ ہو دی کچہ نہین ہان
روپے کے کیسے کو پہلے کیا عام	کوئی توڑے وہان لیتا نہین نام	اگر تلوار کو اوسکی کہون برق	نہین رہتا اوس تشبیہ مین فرق
کرے جس ان مین وہ شکل اپنی دکہاوے	ہزارون دل کو بادل سا اوڑا دے	جو پہر ضرب تہا اوسکا بلند ہوے	نظر مین جسکے بجلی سی چمک جاے
عدو کے سر پہ بیٹھے اوسکا جب وار	تو کاٹ اوسکو زمین کی تہ اوسپار	عدو کے دلمین ہو کیون نہ وہ خشک	کہ سکرا دڑے ہے جون نافہ مشک
بجز ہی کیا چمخ پر وہ تیغ جون برق	کہ نت رہتی ہے وہ خود کاٹ مین غرق	ہوا کیا خاک کہاوے اوسکا بسمل	کہ جون آتش ہے پانی اوسکا قاتل
عدو کی فوج کا گر ہووے غوغا	وہ نکلے غول سے جب یکہ تنہا	دہن ہیبت سے اوسکی بہاگین سارے	کہ جون خورشید تابان سے ستارے
نہین بہاگے عدو کے پیچہے جاتا	وہ عاجز کو نہین ہرگز ستاتا	کرے گا قتل کا اوسکو اشارا	خدا نے جسکو ہووے مارا
بہادر کا نہین ہے نام تلوار	عدو کیون سنکے کٹ جاتا ہی بار	کبہی نے ایسا دیکہا ہی و لوا لعزم	کہ جاے رزم کو سمجھے ہی نت بزم
علا کیونکر نہ ہو اوسکا ارادا	کبیر الشیخ ہووے جسکا دادا	نبی کی جب یہ نام اوسکا ہی برہان	کہ کہتے ہین غلام مصطفی خان
علی کا اسم ہے ازبسکہ اوراد	ہے اوسکا کشور دل حیدرآباد	حسن کا عشق یون اوس سینہ مین چمکا	کہ جیسے لعل زیر خورشید چمکا
بحق حضرت خاتونِ عالم	نہووے اوسکو خبر شبیر کا غم	رہین فضل خدا سے اوسکے یاور	علی و فاطمہ شبیر و شبر

تعریف قلم سحر نگار عجوبہ نگار کی

قلمون کیونکر نہ وصف اپنے قلم کا مین کرون درد			تہمتن کیطرح مضمون سے کشش با الاہی
جو کوئی معنی کی صورت بنا دے	وہ میرے اس قلم کا پاس آوے	کہ علم سیمیا ہے اوسکا ایجاد	وہ فن شعر مین ہی سبکا اوستاد
جلا دے موج مین وہ سحر پیوند	کرے کاغذ یہ بحر شعر پہ بند	ہر اک اوسکے مین مجنون کی تو ...	کہ وہ صحرائے دل سے آشنا ہے

کرے مجنون اگر احوال تحریر
جو کالی ہیگی صورت لہر مارے
غرض عالی طبیعت کا عصا ہے
جواب اپنی قلم سے اب یہ کرتا ہون کہ دل مجکو
کہ ای مسند نشین نکتہ دانی
نہایت تجھین ہی عقل و کرامات
ہی دلمین تا کہ مین ہو کر نوا ساز
کرون خورشید سان طبع آزمائی
بدل تسنگرف کی رنگ شفق ہو
لکھی ہو صفحہ پہ ہر فرد دل جو
کہین ہر وزیر جو پیش آجاے
ہو نقطہ اوسکا ہر جانب گلستان دل
کرے وہ چھیڑ جون بلبل زار
کہے کوئی کہ عبرت سا مسلمان
جواب معترض مجکو بتا دے
جواب پختہ و معقول ہی اب خامہ
کہ عشق آزاد ہیگا کفر و دین سے
جو پیش آوی اوسی مردود و مقبول
مسلمان کا فراس سے سب ہین محجوب
جسے نیرنگ اپنا وہ دکھا دی
اوسے معشوق و عاشق کا نہین غم
کرے ہی روشن اپنا شعلہ جبدم
بھلے سا ونت سی وہ منہ نہ موڑے
سخنی اے قبلۂ امید عبرت
کریگا اعتراض ایسین جو بیجا
قلم نے جب مجھے ہارس بندھایا
سخن لیکن دو نومین حسب سے لکھہ

بنی ہر سطر کاغذ شکل زنجیر — بنا دی کوہ کی بھی دلمین رست
سر شاک نف کا نقشہ او تارے — اگر ہاتھو نکو باندھی نقش باہم

سوال کرنا قلم نزاکت رقم سے واسطے تالیف اس قصہ لطیف کے

طراز داستان عشق کی رغبت ہے لاتا — جو دیکھی مینوا اوسکی رے اصحاب
تری محکوم ہین اہل معانی — جہانمین تجھسی ہی اشراق ایجاد
عجب ہوتے ہین تجھسے خرق عادات — ہی سب احوال دل کا تجکو معلوم
نکالون پردہ دلسے اک آواز — بر آئے خاطر یاران بے کین
سیاہی کی بناؤن روشنائی — لکھون خط شعاعی مثل گردون
گلستان کا نمونہ ہر ورق ہو — نمودش الفاظ ہون جون غنچہ گل
صحیح و خوشنما جون بت ابرو — کشش ہر حرف کی دیتی ہو
مژہ کے موسی بھی زیادہ کھلا دے — جو ہو تشدید سطرونکی نمودار
بیاض چشم مین سرمہ کا جیون تل — غرض مثل خط خوبان رعنا
نظر آوے جسے یہ خط گلزار — کھلا جاگا لیکہ مین پوچھو ہون تجکو

جواب تشفی مآب قلم کا

سخن کی لکڑی مسرت مجھے ہار سند ہے آتا — قلم بولا کہ اے سرمایہ عقل
نہین کچہ کام اوسی شک و یقین سے — وہ ان دو نون بجی عالم سے ہی آزاد
اوڑا دیتا ہی ظالم دو نونکی ہی ہوش — نہین کچہ مانتا عشق ستمگار
حقیقت شیخ صنعانکی ہی مشہور — نہین خاطر مین لاتا عشق سرکش
وہ ہین ننگ اسکے جہرکا ادراک — گدا و شہ نہین گنتا وہ موجود
وہ دو نونکو کرے رسوائے عالم — نہ اک بلبل ہی کو رکھتا ہے غمناک
جلا دی شمع پروانے کو باہم — نہایت وہ کری جس شخص کو پیار
نہ مارے جبتلک وسکو نچھوڑے — حقیقی عشق ہو یا مجازی
دنیا ب عشق کی تو ذ حقیقت — جہانمین عشق کا جو رتم دین ہے
جناب عشق کا مردود ہوگا — جو کچہ آتا ہے تیری جہین

وصف ہندوستان جنت نشان اور عذر مصنف اس داستان ندرت بیان کا

ہے وہ فرہاد کے تیشہ کا دستہ
ہر اک الفاظ مین ہو عیب ضیغم
ہر اک ذ بیہوش کا وہ دہنما ہی
کہا اپنے قلم سی ہو مخاطب
فلاطون کا تو ظلمت مین ہی استاد
تو بن پوچھے کرے ہی بات مفہوم
لکھون اک داستان شوخ و رنگین
بیاض سے رو کاغذ صبح گردون
معانی مین چھپا ہو شور بلبل
جو مداد سبز ہو سو مد نظر ہو
خجل ہو شانہ گیسوے دلدار
بناؤ نمین رخ کاغذ کا انشا
کہ کرتا ہون بیان عشق ہندو
ہوا ہی عشق کا فر سے سخن ران
مرے دلسے یہ شبہہ تو مٹا دے
تو جس قصہ کو چاہی کر دہی نقل
کرے ہی کفر و دین دو نونکو برباد
کہ کیا تسبیح ہی اور کیا ہے زنار
کہ ہین کیا خاک و آب باد و آتش
وہ دو نون کی نگاہ منتر سی دو دو
کری ہی گل کی بھی سینہ کو صدچاک
اوسی دم لینا ہو جاتا ہے دشوار
کرین ہین دو نون سمجھ ساتہ یاری
معاف حضرت شرع مبین ہے
شتابی کہہ مین ہون لکھنے کو تیار
سخن کے گھر فراغت سی مین آیا
معاون تیغ ان جو اللہ و حمیت

سخن کی بزم میں تجھ غالب دیسی اہو کر ۔ حقیقت شمع و پروانے کی سامع کو سنا کر
بہرنگ صبح اپنا دل ہے آہ شاباش ۔ جراحت پر تو اپنی ہے نمک پاش

نہیں دیکھا میان شہر و بازار ۔ متاع درد کا تجھسا خریدار
جہانتک پائی جنس بیقراری ۔ فلک نے آگے تیرے سر سے ماری

سدا رکھتا ہے تو راحت فراموش ۔ پریشانی کو شامل زلف بر دوش
سمندر تیرا ہمسر ہوئے کیونکر ۔ تو ہیگا آتش غم کا سمندر

عجب صورت ہے تیری چشم مخمور ۔ ہزاروں آہ لے جون نخل انگور
میں غمخواری میں تیری اپنی زاری ۔ تڑپتا ہوں سدا جیوں نبض بیمار

میں مور تو دونوں ڈر زخونمیں کیفیت ۔ گل و غنچہ گیسو بے کم و کیف
مرض میں تیری بھی ہو جگر فنا ۔ کہ ہو بیمار دار آخر کو بیمار

نہ مجکو چین ہے نہ تجکو ہے خواب ۔ پتنگ اور شمع سا دونوں نہیں ہیں
کہوں اک قصہ تا یہ درد بٹ جائے ۔ کہیں یا تو نہیں غم کی رات اکتا جائے

ولیکن قصہ کہتا ہوں فلن کا ۔ کہ ہونمیں عندلیب اپنے چمن کے
سواد ہند کو اے مونس جان ۔ بنا اوں سرمہ چشم صفاہان

کروں ہندوستانکا عشق مرقوم ۔ مجھے جب ہے عرب کے ملک میں ہوم
کہ شور عشق ہندی تیز تر ہے ۔ عرب کے عشق سے خونریز تر ہے

عجم میں ہند کا ہے عشق خونخوار ۔ قیامت ہند کی کاڈھی تلوار
ہے شعلہ عشق ہندی کا شرر ریز ۔ کہ ہیگا آفتاب اسکا نہایت تیز

لکھوں ہندوستانکی گر میں تعریف ۔ تو دفتر ہو جدا اک اور تصنیف
نہایت طول یہ مذکور ہو جائے ۔ ہزاروں کوس مطلب دور ہو جائے

غرض آتش ہے اوسکی آتش دل ۔ ہوا اوسکی ہی روح مرغ بسمل
تباہوں اوسکا پانی آہ کیا ہے ۔ مگر طوفان کا پانی رہ گیا ہے

جلے پروانیکی ہی خاک وان کی ۔ کہ عشق افزا ہے خاک ہندوستانکی
جو کوئی عاشق و معشوق پایا ۔ دو دل ہرگز نہ اونکے درمیان ہے

بہرنگ شعلہ عکس گرد ہے بستا ہے ۔ جو مرتے ہیں تو دونوں ایسے مرتے ہیں
مجھے اسیر جو تائید سخن ہے ۔ جنون سرمایہ عشق رتن ہے

محبت کی جو ہوتی ہیں نگاہیں ۔ چھپے گئی ہیں دلکی بیچ آہیں
رتن کے عشق کا شعلہ تھا سرکش ۔ بدم کے بھی لگا دی دلکو آتش

لگا دلکو بدم کے شعلہ اور کر ۔ جلے اک گھر سے جیسے دوسرا گھر
وہ دونوں عاشق و معشوق ہیں جمع ۔ جلے اکبار جوں پروانہ و شمع

سوا اوسکا نہ لکھکر قصہ تام ۔ مدلل شمع و پروانہ رکھا نام
ہو جوں ابر سیہ میں مہر پرنور ۔ مری ہر شعر میں مضمون ہے مستور

جو ذرہ آب و تاب اوسکی نظر آئے ۔ دہن میں خجلت سے حاسد غرق ہو جائے
برائے دوستان ہے مہر سرما ۔ عدو کے حق میں ہے خورشید گرما

رقم جو ہے یہ مضمون شعلہ بنیاد ۔ مری روشن طبیعت کا ہے ایجاد
نہ سرقہ ہے نہ کوئی مبتذل ہے ۔ توارد لیکن اوسکا محتمل ہے

مگر مضمون عاقل خان رازی ۔ کہا اوسنے داستان یہ فارسی کی
ہمیں کے طریق اسمیں ہے داخل ۔ کہ میں اوسکے مقولہ کا ہوں قائل

سوا اوسکی نظم کو تو دیکھ لا تو ۔ ہندہا ہو ویگا مضمون اک ہے آہ
سن اے حاسد اپنے فضل و عقل ۔ تو کیوں لکھتا ہے ہم ایسا ناحق

نہیں ہیگا یہ غیرت کا تقاضا ۔ کہ مضمون لانا مضمون پرایا
میں غیرونکا ادب کرتا ہوں شاہا ۔ میں اپنے عصر کا ہوں اپ وستاد

جو کوئی آپ کرتا ہے وہ شاہی ۔ اوسے غیرت ہے دریوزہ گدائی
مگر برحرم اتنی خود پسندی ۔ ذرا تو دیکھ میری دردمندی

کبھی تو بول نش مرغ حق گو ۔ خدا کے ڈر سے ظالم لفظ خونخوار
کہ مینے جانکنی جون کوہکن کی ۔ بنائی شکل تب شیرین سخن کی

نکال دلسی ہے آہ جگر جون ۔ کیا ہے مصرعہ رنگین کو مضمون
ہراک مصرع مرا لوہو میں ہے غرق ۔ بہرنگ مصرعہ برجستہ برق

ہے ہر حرف میں خونکا اثر ہے ۔ زبان خامہ شاید نشتر ہے
نہ رہا اتنا بھی انصاف سے دور ۔ کہ تجا لکو تو کہتا ہے انگور

زبون مست دیکھ آنکھو زبانکا ہے ۔ مری ہر حرف میں دلکا دھواں ہے
نہ رکھ اونگلی مرے حرفونپہ زنہار ۔ دھوئیں میں شعلہ ہے لپٹا خبردار

مرا شیرین سخن تجکو نہیں خوب ۔ طبیعت ہے مری خجلت سے مرغوب
خدا سے ڈر مجھے تو نام مت رکھ ۔ مرے اشعار سے تو کام مت رکھ

که من بعد ازین گوهر نسفتم — برای خاطر احباب گفتم
که مین احباب سی رکهتا هون تاپاک — عنایت کی ڈالا هون چشم مین خاک
جهان مین جو کوئی هی صاحب هوش — جو هین مثل قلم سرتاپا گوش
اونهو کی خدمت عالی مین هی عرض — ادا اونپر بهی قبول عرض هی فرض
که هوتی هی خطا هر اک بشر سے — نصوصًا شاعر فرخنده فر سے
زمین شعر مین دیکها هی اکثر — نهین ٹهیرتا قدم هرگز برابر
قلم کی دیکهی جسجا لغزش پا — نظر آوی جهان اصلاح کی جا
سکهی مجبور نه هرگز حرف خامی — بقول پاک مولانائے جامی
بقدر وسع در اصلاح کوشند — اگر اصلاح نتوانند خموشند
جو کوئی مجهکو نیکی سی کرے یاد — خدا و مصطفی اوس سے رهین شاد

شروع داستان دلفریب پیدایش پدماوت رانی سراندیپ کے

یه تصویر اوس جگه کی هے که رانی پدماوت کو مکتب خانه مین پنڈت پاس بهیجا



یه دم کا حسن عشق افزا بیان کرتا هون جون بلبل — کرے فکر گلزار خان طفلی اسی سی ذکر خوش تاج
سمند خامه طوفان بلا خیز — هوا جون اشک گلگون گرم مهمیز
دل اوسکے ساته با صد رنگ و تازی — لگا جون شعله کرنے تیغ بازی
نهایت مضطرب لکهو جو پایا — یه قصه مینے اوسکو کهه سنایا
که تها هندوستان مین اک مهاراج — سر اک شاه و گدا کو فرق کا تاج
سراندیپ اوسکی پایه تخت کا تها — سپهر لک چتر اوسکے تخت کا تها
بهار آسا سدا رهتا تها دلشاد — اوڑا کرتی خزان غم کی بنیاد
سر بیار اهی ملک شادمانی — جوانمردی سی گندهرب سین نامی
شبستان مین تهی اوسکی ایک رانی — نهایت خوبصورت حور ثانی
کسا اسیطرح دستور هے گا — صدف مین قطره اک نیسان کا ٹپکا
محل اوسکا تها پڑهے شب و روز — هوئے خورد و کلان جس سے عشرت اندوز
نزاکت سی شکم مین بچه اوسکا — نظر آئے تها جیون مینا مین صهبا
غرض گذری حمل کو جب که نه ماه — هوی پوری دن اوسکی حسب دلخواه
جنی اوس گلرخ زیبا نے دختر — نه دختر بلکه اک تابنده اختر
جو کاٹی ناف اوسکی شکل آهو — وڑی بو شگفتانه کی سی خوشبو
هوئی جو بیدمشی پیدا وه گلفام — رکها پدماوت اوسکے باپ نے نام

ہزارون بھونرا گرد اوسکے گھومتین
کنول کے پھول پہ جیسے جھومتین

وہین اک سبز گہوارہ بنایا
اوسی غنچہ کی شکل اوسمین سلایا

جو پایا دائی نے عالم نرالا
بغل مین اوسکو دل کی طرح پالا

نظر سے چشم بد کے بسکہ ڈرتی
جدا آنکھون سے جیون پتلی نہ کرتی

قیامت فتنہ اوس قد مین جو پاتی
تھپک کر اوسکو بھی اکثر سلاتی

سب اوسکے گھر مین جو خرد و کلان تھے
اوسیکی غور مین روز و شبان تھے

لپک کر برق سان گھر گھر جو جاتی
ہزارون کے لگے خرمن کو جلاتی

اگرچہ شکل و صورت مین تھی جون گل
پہ باتین کرتی تھی مانند بلبل

بلا اک برہمن ہوشیار دانا
پہ تحصیل علوم اوسکو سکھانا

کہ ہمزادون مین مکتب نشین ہو
فراغت سے کرے حاصل سبق کو

برہمن نے سبھونکو سر جھکایا
جو مکتب خانہ کو بتخانہ پایا

لگی پڑھنے وہ بسم اللہ جب دم
برہمن ہوگیا مجموعۂ غم

وہ گل جس صفحہ پر ہوتی سبق خوان
نظر آتا وہ اک جزو گلستان

لپٹ رہتا تھا خوبی کے سبب سے
دل عاشق نمط حرف اوسکے لب سے

سبق کو بھول کر وہ غارت ہوش
تبسم کرکے ہو جاتی تھی خاموش

یہ کہتا تھا کہ کمتر ہنس شکر لب
کہ مصری تیغ یہ کاٹے ہی عجب

پر اوسکے سبز شل بخت کامل
پہ منقار اوسکی پرخون صورت دل

نمیاز آسا تھا ظاہر سبز دلکش
پہ باطن مین چھپی تھی اوسکی آتش

سخن جو نازنین لب پہ گذارا
جو تھا ہمدوش اوس آئینہ رو کا
غرض طوطا بھی پڑھکر علم یکبار

اگر معشوق ہو دمساز عاشق کا تو پے گردن
حسد سے کچھ عجب جلتے تھے اونکا اوٹھا دل

کہ جب چودھوین سن مین ہوا داخل
ہوئی جو چودھوین کا چاند کامل

لگی کر رنگ اپنے کو بنانے
لگی لوگونکو جب تحقیق دکھانے

جہان مین جب بعقل و نکتہ دانی
بنایا کوئی اوسنے اپنا ثانی

جو تھا علم و ادب مین بسکہ ممتاز
شکر لب نے کیا طوطا ہی دمساز

لگانے چھاتی سے پھرتی تھی ہر جا
اوسے الفت سے جیون لنگیا کی گڑیا

جو بھونرا جانور اوس پر گری تھا
رہن کم بخت تو اک آدمی تھا

وہین اک دائی ستھری سی بلائی
وہ آتش اوسکے سینہ کو لگائی

اوسے باد مخالف سے بچاتی
چراغ آسا تہ دامن چھپاتی

لیے رہتی تھی ہر ساعت مشوش
اوسے گودی مین جیون جاڑے کی آتش

کیا تھا معتدل سب کارخانہ
بمانند مزاج چار گانہ

لگا ہر ایک کا دل خون اوگلنے
وہ تیغ آسا لگی جسوقت چلنے

جہان کے باغ مین اوسکا ہر دو تھا
برنگ غنچہ اک نادر نمو تھا

شروع سال پنجم رای رایان
ہوا تعلیم کو اوسکی پریشان

کئی ہمجولیان اور اوسکی ساتھن
بٹھائین رائے نے پیش برہمن

مبادا ہو تنہا دے ناز پرورد
تپ تنہائی سے تنہا لے درد

سبق اوسکو برہمن کیا پڑھاتا
کہ شل مرغ بسمل خود پڑا تھا

جو کی اوسنے نگاہ عشق آگین
ہوا ہر لفظ صد معنے سے لبریز

ہر اک حرف لوسکو تھا شکل آئینہ
دہن مین تھا نہ تنگی سے سماتا

دوبارہ حرف شیرین لب اگر
ہو جاتا شربت ورد مکرر

برہمن شل ستان خرد کم
شہید جلوۂ تیغ تبسم

مصاحب ایک اوس بت کا تھا طوطا
کر اوسکا نام ہیرامن رکھا تھا

محبت اوسکی اعضا مین بسین
ہوا تھا عشق خونی طوق گردن

جو کچھ پڑھتی تھی وہ غارتگر جان
وہ طوطا ساتھ تھا اوسکے سبق خوان

وہی الفاظ پھر وہ حفظ کرتا
شتابی ہوگیا گویا وہ طوطا
ہوا آنکھون کی صورت اوسکے اعیان

محبت پیدا ہونا آپس میں پدماوت اور طوطی شیرین کلام کا اور اطلاع پاکر درپے دفع طوطی کے ہونا سہیلیوں خود کام کا

کتاب حسن کا جو نکتہ دان تھا
وہ ہم کے حال سے یون عقدہ خوان تھا

ہوا دل اوسکا گرم عشقبازی
سمجھنے لاگی رسم جانگدازی

مہ نو کیطرف کرکے گذارہ
لگی کرنے وہ ابرو کا اشارہ

تب اوسنے ربط انسان سے اوٹھایا
مصاحب اپنا حیوان کو بنایا

جو کچھ احوال ہوتا اوس سے کہتی
جدا اک آن وہ اوس سے نہ رہتی

قفس ہاتھون سے اوسکا کھینچتی تھی
اوسے پھولونمین ہر دم تولتی تھی

جهلی تهی سبکو اوس طائر سے الفت
پرستاران تهی سب گرم صحبت
محبت دونون جانب تهی صادق
شکرلب کا ہوا طوطا بهی عاشق
سویدا کیطرح نت دل مین جیون جان
پری کے عشق کو رکهتا تها پنهان
غرض اک روز فرصت اوسنے پائی
پدم کو داستان غم کی سنائی
کہے اس بچه قمرگان نے بیباک
قفس آسا کیا سینه مرا چاک
اگرچه سبز ہے ظاہر مرا رنگ
یه باطن مین مرے آتش ہے جون سنگ
که جب دیتا ہے زرگو تاب زرگر
دهوان نکلے ہے اوس سے سبز اکثر
پری سی داستان عشق خونخوار
وه احقا غیر سے کرتا تها اظهار
مگر کسطرح نفط اوس قصه غم کے
پڑی کانون مین سب خرد وکلان کے
جلی حسرت سے اون تک سینه مین آگ
حسد کا انکو ڈستے لگ گیا ناگ
کہ یه طوطا نہایت بدبلا ہے
یہان سے دور اسکو کرنا بهلا ہے
دم اوسکا گرم مثل جرم حداد
گلا دیتا ہے اک ساعت مین فولاد
اوسے ہے عشق کی باتین بتاتا
ہے آتش خرمن گل مین لگاتا
ہمین خطره یہی رہتا ہے دن رات
نہین معلوم پر تقدیر کی بات
اوسے سو طرحکا منصوبه سوجها
خیال خام لیکن سبکو بوجها
یه کہکر اوس نے اک بلی منگائی
پریرو کے شبستان کو بهجائی
قفس کو توڑکر پرزے کرو تم
کرو عالم سے طوطی کی تئین گم
گئی رانی کے پاس اوٹهکر وه بیدرد
جدا تا تیر سے مثل دم سرد
نظر کر دشمن جانی کو طوطا
ہزارون بات اپنے دلمین سوچا
بچاوے میری بلی سے تو گردن
برا ہوتا ہے گر ہو گهر کا دشمن
جدائی تیری مشکل ہے پیارے
نهو یانی جدا لاٹهی کے مارے

دکها کر آخر اپنی چشم وابرو
دل اوسکا لے گئی چهل کر پریرو
لگا بیٹهی جگر مین اوسکے تیر
لسان طائر قبله نما تیر
کسی سے حال اپنا کچهه نه کہتا
برنگ غنچه منهه موندے ہی رہتا
که ابرو نے تمہی ہے مجکو مارا
مرے دل پر ہے نت چلتا یه آرا
ترے غم سے ہے باطن میرا خون
مین ظاہر سبز جون برگ حنا ہون
برنگ زر جگر جلتا نہان ہے
مری یه سبز پر جسکا دهوان ہے
ہین شمع سبز کی صورت ہون جلتا
نہین منقار سے شعله نکلتا
نه سمجها آه لیکن وقت گفتن
که عشق و مشک را نتوان نهفتن
خصوصاً تهین جو پدماوت کی ہمدم
اونهون نے بهی سنا یه قصه غم
سبهون نے مصلحت کرکے یه نہان
کہا احوال پیش راے رایان
عجب یاد اوسکو کچهه افسونگری ہے
کیا مسحور شده سحر سامری ہے
پدم کے دلکو اوس نے کرکے جادو
کیا وحشت فزا مانند آہو
برنگ آئینه وه نازپرورد
سیه ہو نه جاوے صورت درد
یه قصه جبکه راجه نے کیا گوش
سر اوسکے سے اوڑا طائر صفت ہوش
تب اوس دختر کی خاطر کرکے منظور
کہا حکمت سے طوطا کیجیے دور
یه گوبندونکو سمجهایا که جاؤ
کبهی تم وقت فرصت کا جو پاؤ
قفس سے کهینچکر با تیغ بیداد
کرو تم ذبح اوسکو مثل صیاد
وه بلی جاکے رانی کو دکهائی
که راجه نے ہے یه تجکو بهجائی
کہا رانی کو یان سے کر مجهے دور
اگر ہے تجکو میری زیست منظور
کہا رانی نے تو تو میری جان ہے
مری بهی زندگی تجهه بن کہان ہے
تجهے خطره اگر بلی کا ہے گا
چهپا رکهونگی تجکو مثل عنقا
یه کہکر لے قفس اوسکا شتابان
کیا اک کوٹهری مین جاکے پنہان
ولیکن یه نه سمجهی وه که تقدیر
نپٹ ہنستی ہے جتنی کیجیے تدبیر

سہیلیون کا پدماوت کو سیر چمن کی رغبت دلانا اور اوصاف بہار صحرا زبان پر لانا

پدم کی آه ہمزادونکی صورت دل محزون
جهپی کسطرح گلگشت کی رغبت دلاتا
سراکدن آکے پدماوت کی ہمزاد
جو تهین غارتگر دلہاے آباد
کہا رونے جو ڈوبے کو اوٹهایا
چلے خورشید سیران مین بٹهایا
ہمی رونق فزاے خانه گلشن
ہمی اوس شمع کی پروانه گلشن
جو تها آگاه اوس راز نہان سے
فسونخوان یون ہوا اس داستان سے
منگا کر اپنی دونون کی سواری
پدم کے گهر کی سب نے تیاری
چلانے جا پدم کے گهر اوتارے
ہم اک جا ہوے چاند اور تارے
بے تعظیم سب نے سر جهکائے
زمین پر تارے گویا ٹوٹ آئے

سلامی مست رنگین سہرا آیا
کہ اے تیرا بہا خوبی کی گلشن
دلے افسردگی نے ہمکو ڈزدی
یہ گھر مین باپ کے جو ہم ہین یکجا
کہ اسجا اختیار اپنا ہی باقی
نہین معلوم ہمکو انکا انجام
نکل کر پھر وہان پہر تماشا
پدر کے گھر کی کیجے قدر معلوم
سنا ہیگا کہ ابکی سال صحرا
تجھے لازم ہی چلنا اے پری شین
تماشا کر ادھر ہی باغ جامین
دل عاشق آزدہ دنیا نشان ہے
گلون کے بیچ مین یون سرو رعنا
وہان چہرہ تو کر گل کے مقابل
اگر نرگس سے تو آنکھین لڑا دے
نسیم آسا زبان مصلحت کا
پدم بھی چاہتی تھی نکلو آسم

گل و سنبل کا گلدستہ بنایا
چراغ حسن تیری دم سے روشن
کہ کچھ سمجھے نہ ہم دنیا کی خوبی
سوندری نام کا سنجوگ ہے گا
ہے اپنے حکم مین جام او ساقی
کہ دکھ پاوینگے اوسجا یا کہ آرام
اگر جاوے کوئی مقدور کسکا
مچا لو ہو سکے جو کچھ یہان دھوم
رم آہو نمط ہے وحشت افزا
کہ اکثر ہووے صحرا گرد آہو
گل و غنچہ سے دل اپنا لبھائین
جہان لالہ ہے اور آب روان ہے
رکھا ہو متصل جیون جام مینا
کہ جاوین بھول عشق گل عنادل
اوسی نظرون مین وہ بھی ملکہ آوے
نہ کہتی تھین سخن جز سیر گلزار

کھڑی ہو سرو کی صورت بتک پا
اگر چہ جگ مین جو خرد و کلان ہین
نہ مثل گل کبھی کی سیر ماوا
ٹک آ کھولکر دل کھیل لیوین
نہین سسرال کو جب جائینگے ہم
سنا ہی سخت ہین وان کی گزندین
جو ہی کچھ آج سو پھر کل نہین ہے
چلو صحرا کا اب گلگشت کیجے
چلو اوسکو دیوانہ بنائین
نہین ہوتا یہ سب کہتے ہین اکثر
ہماری خاطر ابکی سال گلشن
گل حنا کہان بن مین کھلا ہے
ہے شاخ سبز پر غنچہ نمودار
چراغ گل نہو کیونکر بھلا گل
غرض سب ہمرہان فسون سا
لب ہر شعلہ خو پر شوق رنگین

بھون نیکی یہ بھومن تمنا
تمھارے حسن کی سب قصہ خوان ہین
نہ بلبل کیطرح گلگشت گلزار
خوشی کی داد ہم آپس مین دیوین
یہ صحبت پھر کہان سے پاوینگے ہم
کڑی ہوتی ہین اکثر ساس ننندین
ہمین اس غم سے ہرگز کل نہین ہے
نکل بستی سے سیر دشت کیجے
دل صحرا پری خانہ بنائین
غزالون کا مکان صحرا ہے خوشتر
بھری ہی رکھتی ہین پھولون سے دامن
تری حنیا کلی سے خوشنما ہے
تری طوطے کی جیسے سبز منقار
تری آگے ہے گل جون شمع کا گل
چمن کے وصف مین تھین نکتہ پرداز
نہ تھا جز حرف گل مانند گلریز
ہوئی تیار رفتن بہر خاطر

سیر باغ کو پدماوت کا جانا اور ردتمن کا طوطی کو قفس سے اڑانا



ذرا تو بھی چل لیدل کلی تماشے کو
کہ سیر باغ کو ہے کون آتا
نہجانون کسکے استقبال کو یہ
یہ کسکے غمزے نے مارا شجون
یکایک سرو کو کیا ہوگیا ہے
غرض بلبل کی تھی اک بیقراری
عماری سبزہ سے نکلی وہ باہم
برنگ سرو اوسکا سبز دامان
اوٹھی تعظیم کو نرگس بھی ناچار
رکھین مالن نے پیش شاہ خوبان
جو تھا تاج خروس اس بوستان کا
جدھر کو شعلہ رو وہ گرم جاتی
غرض وان گل بھی شرماہی تھی
کبھی غنچہ سے نیچہ جوڑتی تھی
کبھی رکھتی تھی گل کو سر گوش
کبھی پھینک اوسکو یون تھی مسکرانی
کبھی لالہ کو فرماتی تھی ہنسکر
جدھر کو جون صبا کرتی گذارہ
ہنڈولے کی کہون کیا دلربائی
قدم رکھتے ہی پاؤ اوس سے ٹوٹا
جو ڈرسی اوسنے مژگان کو دیا کھول
جھلاوے سے کبھی بایان اور کبھی وان
نزاکت سی بہت حرکت نہ پائی
غرض شل صیاد دامن اوٹھا کر
مین کہتا تھا کہ سرو بوستان کو
کہون کیسا تھا وہ دریا پر شور
بہ تمکنت تمام [illegible]

کہ گلگشت چمن کو آج تیرا یا جاتا ہے
نہین گل جامہ مین پھولا سماتا
چمن سے بوئ گل نکلی ہے بیتاب
کہ ہے غنچہ کی شاخ اک تیر پر خون
اوٹھائے سر یہ کسکو جھانکتا ہے
کہ جا پہونچی پدم کی وان سواری
شفق سے جسطرح خورشید نور
یکایک ہوگیا زیب خیابان
سہارے سے عصا کے مثل بیمار
یہ رکھکر عرض کی پھولونکی چھڑیان
یہ اوسکی زلف سی ہمداستان تھا
اک آتش خرمن گل مین لگاتی
سر اپنا زانو پر اوندھا رہی تھی
دل عاشق کی صورت توڑتی تھی
کہ کیسا احوال اپنا ای چمن پوش
کہ سرگوشی نہین مجکو خوش آتی
کہ تونے داغ کھائے ہین یہ کس پر
ہر اک گل جیب کو کرتا تھا پارہ
فلک نے چال جس سے تھی اوڑائی
فلک نے تجکو میزان مین جو تولا
نظر آتی تھی جون تصویر ہنڈول
تنگ ساتھ اوسکے تھی افتان و خیزان
وہ گردش اوسکے سر کو خوش نہ آئی
سر سر گل یہ اک ٹھوکر لگا گر
نہ سمجھا یہ کہ تو سرو روان ہے
زمین لی جسنے تیغ موج کے زور
نظر آتا نہ تھا اوسکا کنارا

چمن مین جسدم ایک غلغل پڑا
کہ ایسی کسکے مقدم کی خوشی ہے
یہ نرگس راہ کسکی دیکھتی ہے
کہ گل خورشید کو کسکی طرب ہے
سنی ہے کسکے مقدم کی خبر عام
لیے ہمراہ اپنی فوج جادو
ہری پوشاک پہنے اپنی تن مین
عصا فوارہ لیکر اہتمامی
چمن مین دیکھکر اوسکا تجمل
کہ گل نے طور تیرا تھا اوڑایا
کہ مین گو قابل خدمت نہین ہون
چمن مین دھوم بلبل نے مچائی
پری نے باغ کو شرما دیا تھا
ولیکن منہ نہ تھی اوسکو لگاتی
کبھی رکھہ زلف پر با صد بہانہ
کبھی سوسن سے کرتی تھی اشارہ
شقایق کو کبھی پڑھکر اوسنے افسون
کیا تھا نصب جیسا کہ ہنڈولا
برنگ مہ ہوتی میزان مین داخل
مشبہ یہ تھا ماہ چرخ رخشان
برنگ شمع فانوس خیالی
ہنڈولے سے نکلتی کیون نہ آواز
تھا گہوارہ لوگون نے اوٹھایا
نکلکر جب چلی گلشن سے وہ ماہ
کناری باغ کے وان ایک دریا
نہایت اوسکا پانی تھا مصفا
پلین تھین عرض مین اوسکے بصد ٹھاٹ


دل عاشق سا کرتی تھی تکرار
کہ گل عباس نے تنہائی لی ہو
کہ در پر اوسکی ٹکٹکی لگ رہی ہے
کہ لی ہے ہاتھ مین اوسنے دف نے
سراپا چشم ہے ہر نخل بادام
کیا تاراج گلشن کی طرف رخ
بہار آسا ہوئی داخل چمن مین
ہوا جیون جو بدار اوسکا سلامی
سہم ہنستا تھا گل ہر دو سر گل
سو اس لونڈی نے سولی پر چڑھایا
قدیم اس آستانہ کاشانہ مین ہون
کہ گل کی سیر کو ہے برق آئی
ہر اک بلبل کو سودائی کیا تھا
کہ ہے غنچہ کے منہ مین باس آتی
بناتی تھی گل شبو کا شانہ
کہ چشم سرمہ سا نے تجکو مارا
کھلے سر کر دیا تھا مثل مجنون
پری نے وان پر پرواز کھولا
ہوئی گہوارہ گردان مین داخل
ہوئی ڈر کر جو گہوارہ مین پنہان
دہن دلہن ہنڈولے نے چھپائی
کہ تھا فرقت سے اوسکے نالہ پرداز
فلک سے جسطرح ٹوٹے ہے تارا
مدرو باغ بولا بھر کے اک آہ
برنگ دیدہ عاشق تھا بہتا
مگر آئینہ کا پانی بھرا تھا
ہزارون تھین [illegible] دامن کشیون پہ ٹاٹ

کسی نے اوسکی طولانی نہ دیکھی
درازی اوسکی جون طول عمل تھی
حباب اوسکے کیسو تھین کہون کیا
لب بحر پر یہ تبخالہ پیدا
دل خستہ کیصورت تھی کماہی
تڑپتی سینۂ دریا مین ماہی
چلی گلشن سی وہ گلرو شتابان
برائے غسل سوے بحر جوشان
قدم اک بار جا دریا پہ گاڑا
کیا دریا کو پریون کا اکھاڑا
برش اوس تیغ کی تا ماہو سوائی
فلک نے پھر کے پانی مین چھپائی
فسون کیا جانے دریانے کیا تھا
کیا جو ماہ و ماہی کو یکجا
فلک سے ماہ کرتا تھا اشارے
کہ برج حوت مین اوتری ہین تارے
گلو تک تن شناور کا تھا غرقاب
برنگ نخل نیلوفر تہ آب
پریشان ہر دو ان زلف شناور
بردی موج مثل عنبر تر
ہم رخ پر بھی تھی چھینٹے لگائے
ستارے پانی مین تھے بدھائے
وہ عرق آبرو سے ہرنکو فال
نمایان جیسے آئینہ مین تمثال
وہی قطرہ بدن سے جبکہ ڈھلتا
دکھاتا شیشہ بازی کا تماشا
کیا تھا ہر پری رونے ہر اک جا
دل دریا مین شور و فتنہ برپا
دوان اتنے مین وان پہونچا خبردار
بخود پیچان برنگ مار مکار
ہوئی ٹھرکی وہ بلی عربدہ خواہ
قفس جا پڑی طوطے کے ناگاہ
قفس سے اوڑ گیا آخر وہ مجروح
نکل جاتی ہی جیسے جسم سی روح
ہوے بس چہرہ پر تھے اشک ریزان
برنگ نخل باران دیدۂ مژگان
چلی گھر کیطرف اپنے شتابان
برنگ ابر اشک انکے دیدہ ریزان
کہ تیرا سبز رنگ اے طائر یار
ہوا جون زہر رگ رگ سر مری یار
تری منقار کی یاد اے ستمگر
دہکتی دل پہ رکھدیتی ہی اخگر
ہوا پر دیکھتی ہون جب پکھیرو
سمجھتی ہون کہ آیا میرا اپھرو
تو کہتا تھا کہ ہون مجنون مین تیرا
کیا اب کسلیے جنگل بسیرا

فلک کیطرح ساحل اوسکا گلزار
برنگ کہکشان دریا نمودار
چلی آتی تھی موج اوسکی دمادم
برنگ مصرع برجستہ پیہم
برنگ چشم عاشق حلقۂ آب
نمایان تھا رخ دریا پہ گرداب
پہونچکر آگے پیچھے ہر پری رو
لب دریا پہ جیسے خیل آہو
برنگ تیغ ہو عریان وہ خونخوار
درائی سینۂ دریا مین جیون دھار
کستان تھا اپنی جانب یون اوس آب
پری کو جسطرح کھینچے ہے سیماب
گرین دریا مین سب کھول کر بال
لگے برتاب ہر جانب بھونر جال
مصفا بحر مین جیون کاٹ شہری
برنگ سرخ وہ پانی مین اوتری
سر دریا پہ چہرے انکے رخشان
کنول کے پھول کی صورت نمایان
بزیر زلف دست ہر گل اندام
تڑپ جاتا تھا جون ماہی تہ دام
یہ تھا افراط پانی کا زحون پر
کہ غرق آب تھے سب مثل گوہر
بدن پر قطرہ پا شوق کماہی
لپٹ جاتا تھا مثل فلس ماہی
تن گلگون سے لگ کر قطرۂ آب
ادترتا بحر مین تھا مثل سرخاب
نظر کوئی کہ ایسا تخت حرسند
فلک یون رشک سی بولا کہ تا چند
کہا جی کی امان پاؤن تو بولون
گرہ در دل غمگین کی کھولون
مچایا شور شہ نے بہت سا
نہایت کد سے وہ پنجڑا اچھپایا
بدم کا سنتے ہی سر سے اوڑا ہوش
ادٹھا دریا کیصورت دلمین اک جوش
عجب گھبراکے وہ دریا سے نکلی
پری کیطرح اوس پہنا سے نکلی
قفس خالی جو دیکھا غم کی ماری
برنگ نوحہ پرداز ان پکاری
خیال اوس تیز شہپر کا غم انگیز
گذرتا دل سی ہی جون خنجر تیز
تمنگ آسا یکایک سرکو موڑا
محبت کی کیا ہی ڈور کو توڑ
گذر جاتا ہی جب طائر ہوا ئے
وہین سر دے ٹپکتی ہون زمین پہ
محبت بے مروت توڑکر تو
گیا تنہا مجھے کیون چھوڑکر تو

مثل کہتی ہون مین اب یا نصر وحشت
تو پھر آنکھین گیا طوطے کیصورت
یونہین رکر بیان روتی تھی وہ ماہ
نہ تھا کام اور اوسے غیر نالہ و آہ
پہ آخر سوگ مین بیٹھی وہ غمناک
قفس کیطرح کرکے پیرہن چاک

داستان طوطے کا اوڑجانا اور جال مین ایک صیاد کے آنا



فلک کی کیا کہون باتین جبی آزاد باناکی
وہ طوطا تھا جو سرتا پا توکل
کبھی چون چشم کرتا سیر دریا
بسان رنگ عاشق زرد رخسار
ہوا پر سبز طوطی فوج در فوج
خوشی سے ہو گیا طوطونکا دمساز
خوش اوسکو دیکھ چرخ حیلہ جو
ہوا اوس دشت مین وہ صید جویان
شجر کی شاخ پر ہر ایک خود کام
خیال بد سخنی مین تھا غزلخوان
سرشک دل کا اوسمین دانہ رکھا
زمین کی سمت کو آخر و ناچار
رہا حیرت سے پدماوت کا طوطا
نہ اوترا شاخ سے وہ مرغ گستاخ
ولیکن قید سے یارونکی دلگیر
کبھی کہتا تھا وہ حیرت سرانجام

برنگ دل ہین دام مصیبت مین پہنسا کر
اوڑا کہکر کہ اب تیرا توکل
کبھی مجنون کیصورت دشت پیما
نہ تھا آرام اوسکو غیر پرواز
نظر آئی اوسے جیون نیل کی موج
کند ہمجنس با ہمجنس پرواز
ہوا اس غم مین تا اوسکو کرے شکار
قضا کے تیر کی صورت نمایان
لٹکتا تھا برنگ میوہ خام
نہایت شوق سے جیون ناگہ پہنچا
قضا کیطرح چھپکر آپ بیٹھا
گرے برگ خزان آسا یکبار
بسان طائر تصویر بیٹھا
رہا مانند برگ سبز بر شاخ
ہزارون طرح کی کرتا تھا تدبیر
کہ ہے آزاد کو کیا دام سے کام

جو بیدردون نے وہ طوطا اوڑایا
خیال آسا چلا روے ہوا پر
نہ تھا دل بستہ خشکی و تری کا
جرس کیطرح سرگرم فغان تھا
تلاش اوسنے جو اپنی جنس پائی
لگا ہمراہ ہونے اوڑنے دلشاد
کہ ناگہ ایک صیاد فلک نام
برنگ دام چشم اوسنے کہولا
خصوصا اون مین وہ طوطا فسونساز
وہین صیاد نے بے طاقتانہ
طمع نے دانونکی طوطونکو گہیرا
نہایت شوق سے کہول اپنی آنکھیں
نظر مین اوسکے تھا دام فسونکار
نہ اولجھا دام مین وہ شوخ دیدہ
کبھی کہتا تھا ہمجنسان درماندہ
جہان مین دم غنیمت اپنی جانے

پدرم سے گوش کو گویا اوڑایا
دیے وحشت کے اوسنے کہول شہپر
کہ وہ سایہ زدہ تھا اک پری کا
برنگ لالہ روز و شب روان تھا
قیاس اونکو کیا فضل الہی
نہ فکر دام و نے پروای صیاد
برنگ کہکشان سر پر لیے دام
نظر آیا اوسے طوطونکا جب غول
بسان ناز دلکش نغمہ پرداز
لبھایا جلد دام اشتغال نہ
اوجالا دن کیا اوسنے اندھیرا
بہت اونکو کیا دام قفس یون
کہ تھا وہ ذو فنون از بسکہ ہشیار
بسان طائر رنگ پریدہ
کہ ہے اک عشق عالی مرگ انبوہ
